فوری ریلیز کے لیے: 24/1/2023 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹیلائزیشن انیشی ایٹو کے چھٹے مرحلے کے 10$ ملین لانگ آئلینڈ کے لئے فاتح کے طور پر ہنٹنگٹن اسٹیشن کا اعلان کر دیا***

***ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم ترین جزو ہیں***

***ہنٹنگٹن اسٹیشن کے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی اور تعمیر نو کے لئے ریاست شہریوں، کمیونٹی رہنماؤں اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی***

گورنر HOCHUL نے آج اعلان کیا کہ ہنٹنگٹن اسٹیشن کو ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے چھٹے راؤنڈ کے لانگ آئلینڈ فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے راؤنڈ 6 کے لئے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو 10$ ملین دیے جا رہے ہیں جس سے ریاست کی جانب سے 100$ ملین ڈالر کی مالی اعانت اور سرمایہ کاری کا وعدہ پورا ہو جائے گا اور کمیونٹیز کو اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو پُر رونق اور متحرک علاقوں میں تبدیل کرکے اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔

"ہنٹنگٹن اسٹیشن کی برادری ایک ایسے محفوظ، سیر و تفریح کے قابل، اور سستے شہر کی حقدار ہے جہاں کے باشندے خوب ترقی کریں اور پھلیں پھولیں، "**گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ اسٹریٹجک سرمایہ کاری وہاں کی کمیونٹی میں ایک نئی روح پھونک دے گی، اور میں بہت شوق سے ایسے ترقیاتی کام شروع کرنے کی منتظر ہوں جن سے ہنٹنگٹن اسٹیشن سیاحوں اور مقامی زائرین کے لئے یکساں طور پر ایک اعلی تفریحی مقام بن جائے گا۔"

ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو (Downtown Revitalization Initiative, DRI) شہر کے ڈاؤن ٹاؤن مضافات کو سرگرمی کے متحرک مراکز میں تبدیل کرکے ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے، جس سے وہاں زندگی گزارنے کے لئے اعلی معیار والی سہولیات وجود میں آتی ہیں اور کاروبار، ملازمتوں اور معاشی اور رہائشی تنوع کو فروغ ملتا ہے۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت کے حامل ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو انقلابی تبدیلیاں لانے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاریوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد، ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب کردہ منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت نظر آئے گی۔

## Huntington Station

ہنٹنگٹن اسٹیشن کا DRI ایریا کی توجہ خاص طور پر LIRR سٹیشن کے بالکل اردگرد اور نیویارک ایونیو کوریڈور کے ساتھ جنوب میں آگے جاتے ہوئے ہنٹنگٹن اسٹیشن کے پڑوس پر مرکوز ہوگی۔ ایسٹ سائیڈ ایکسیس پروجیکٹ کی زیر التوا تکمیل کے ساتھ، یہ علاقہ تجارتی بحالی اور تعمر نو کے ایسے عمل سے گزرنا شروع ہو گیا ہے جو بالآخر کمیونٹی کے لئے ایک اہم تجارتی اور معاشرتی کشش کے طور پر کام کرے گا۔ ہنٹنگٹن اسٹیشن اپنے شہری مراکز کو دوبارہ متحرک کرنے اور اپنے جیتے جاگتے، متنوع اور سیر و تفریح کے قابل شہر کی تعمیرِ نو کے لئے نئے مواقع

کو راغب کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ ہنٹنگٹن اسٹیشن کا وژن یہ ہے کہ مخلوط استعمال والے منصوبوں کے لئے کلیدی سائٹس تیار کی جائیں، نیویارک ایونیو کوریڈور کے ساتھ یوٹیلیٹیز اور اوور ہیڈ تاروں کو زمین کے اندر دفن اور/یا منتقل کیا جائے، براڈ بینڈ کو وسعت دی جائے، ایک مرکزی پارک یا عوامی اجتماع کا مقام بنایا جائے، کاروباری فیکیڈ پروگرام کو نافذ کیا جائے، اور راہ داریوں اور ٹرانسپورٹیشن جیسی سہولیات میں بہتری لائی جائے۔

لونگ آئی لینڈ ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کاؤنسل نے پورے خطے میں کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور ہنٹنگٹن اسٹیشن کو نامزد کرنے کی سفارش کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل معیارات اور لائحہ عمل کو مدنظر رکھا:

- ڈاؤن ٹاؤن فصیلوں والا مقام ہے، اور اس کی سرحدیں خوب اچھی طرح متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن سابقہ سرمایہ کاریوں سے استفادہ کر سکتا ہے یا مستقبل کی نجی اور عوامی سرمایہ کاریوں کو راغب کر سکتا ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کو فراغ دے سکتا ہے، جس سے کارکنان راغب ہوں گے، تعمیرِ نو کی معاونت ہو گی، اور ترقی کے عمل میں پائیداری اور استحکام آئے گا؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع کمیونٹیز کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو اسے مزید قابل رہائش بھی بنا سکیں اور معیار زندگی بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں؛
- اس میونسپلٹی نے ایک کھلے ذہن والی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک تصور بنا اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
- اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد بدرجہ اتم موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے قریب المیعاد منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

ہنٹنگٹن سٹیشن کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 10 $ ملین کی رقم دی گئی ہے جس سے مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کی بحالی میں مدد ملے گی اور طویل المدت ترقی کے لیے نئے مواقع تخلیق کیے جا سکیں گے۔ ہنٹنگٹن اسٹیشن اب ویسٹبری، ہکس ویل، سینٹرل اسلیپ، بالڈون، ایمیٹی ویل اور ریور ہیڈ کی برادریوں میں شامل ہو چکا ہے، جو پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں لانگ آئی لینڈ کے فاتح تھے۔

ہنٹنگٹن اسٹیشن 10 $ ملین کی DRI گرانٹ میں سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے سٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔
اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے لئے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**نیویارک کے سکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو ریاست کے ہر علاقے میں کمیونٹیز کی مدد کر رہا ہے کہ اپنے علاقوں کی معاشی بحالی کے اپنے تصور کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ ہنٹنگٹن اسٹیشن میں پہلے ہی ایسی تجارتی ترقی کا عمل شروع ہو چکا ہے جو نئے زائرین اور

رہائشیوں کو علاقے کی طرف راغب کرے گا، اور ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے ذریعہ فراہم کردہ فنڈنگ سے لانگ آئی لینڈ ایک اہم مقامی اور علاقائی منزل کے طور پر اپنے مستقبل کو مزید محفوظ بنائے گا۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "DRI نے ثابت کیا ہے کہ مقامی اثاثوں میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری سے ریاست نیویارک کے ڈاؤن ٹاؤن علاقے تیزی سے ترقی کریں گے اور معاشی طور پر مضبوط بنیں گے۔ 10 $ ملین کی اس گرانٹ کے ذریعے ہنٹنگٹن اسٹیشن کی بحالی کا عمل ایسے منصوبوں کے ذریعے کیا جائے گا جن کا مقصد مزید مربوط اور پیدل سیر و تفریح کرنے والوں کے لئے کے لئے ایک ایسا دوستانہ مرکز بنانا ہے جو رہائشیوں، سیاحوں اور کاروباری اداروں کے لئے بھرپور مواقع فراہم کرے۔"

**لانگ آئی لینڈ علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کی شریک صدور Linda Armyn، چیف سٹریٹجی اور مارکیٹنگ افسر برائے بیتھ پیج وفاقی کریڈٹ یونین اور فارمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کے صدر Dr. John Nader نے کہا،** "متحرک اور پھلتے پھولتے سٹی سینٹرز معاشی مواقع پیدا کرنے کے لئے ایک کلیدی حیثیت کے حامل ہیں۔ یہ DRI ایوارڈ پیدل سیر و تفریح کرنے کے قابل، ٹرانزٹ کے تصور پر مبنی ڈسٹرکٹس کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے، خاص طور پر یہاں لانگ آئی لینڈ پر، اور ریاست نیویارک کے ان ڈاؤن ٹاؤنز کی تعمیر نو کے اس عزم کا اظہار ہے جس سے لوگ یہاں رہائش اختیار کرنے، گھومنے پھرنے، اور کاروبار کرنے کی طرف راغب ہوں۔"

**ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نو کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ہنٹنگٹن اسٹیشن کے ارد گرد والے پڑوس کے لئے ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشی ایٹو کا 10 $ ملین ایوارڈ ایک ترقی پذیر، پیدل سیر و تفریح کرنے کے قابل، ٹرانزٹ کے تصور پر مبنی کمیونٹی میں نئی روح پھونکے گا۔ ایسٹ سائیڈ ایکسیس پروجیکٹ کے ذریعے کی گئی پیشرفت کو مزید آگے بڑھانے کے لئے مقامی رہنماؤں کے ساتھ کام کرکے، ریاست نہ صرف ہنٹنگٹن کے شہری مرکز کو مزید متحرک کر رہی ہے بلکہ اس متحرک کمیونٹی کے لئے نئے معاشی اور رہائشی مواقع کو بھی اس کی جانب راغب کر رہی ہے۔ یہ گورنر Hochul کے اس عزم کی ایک اور مثال ہے جس پر وہ نیویارک کے ٹرانزٹ مراکز کے قریب ہاؤسنگ پیداوار کو بڑھانے کے لئے جدوجہد میں مصروف ہیں۔"

**اسمبلی ممبر Steve Stern نے کہا،** "ہنٹنگٹن اسٹیشن کمیونٹی کی نمائندگی کرنے والے اسمبلی مین کی حیثیت سے، میں طویل عرصے سے اپنے شہر کے ڈاؤن ٹاؤن علاقوں کی زیر التوا بحالی اور تعمیر نو کا ایک مضبوط حامی اور وکیل رہا ہوں۔ 10 $ ملین کی یہ کلیدی ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن گرانٹ ہماری کمیونٹی کو تجارت کے ایک متحرک مرکز میں تبدیل کرنے میں مدد کرے گی، جس میں ایک عوامی پلازہ، نئی راہ داریاں، پاکٹ پارکس، پیدل چلنے والوں کی بہتر حفاظت اور سب سے اہم بات یہ کہ مواقع، بہتر معیارِ زندگی اور بہتر عوامی تحفظ شامل ہیں۔میں گورنر Hochul اور لانگ آئی لینڈ ریجنل ڈیولپمنٹ کاؤنسل کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے یہ اہم فنڈنگ دی اور ہماری ہنٹنگٹن اسٹیشن کمیونٹی کے لئے اپنی مسلسل حمایت جاری رکھی۔"

**اسمبلی ممبر Steve Stern نے کہا،** "ہنٹنگٹن کا قصبہ ہنٹنگٹن اسٹیشن کے لئے DRI ایوارڈ ملنے پر بے انتہا خوش اور پرجوش ہے۔ ان 10,000,000$ سے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں، کاروباری ڈسٹرکٹ کی ترقی اور بہتری، اور نئی صنعتوں کی حوصلہ افزائی کے ذریعے اس کمیونٹی کو بحال کرنے کے لئے ٹاؤن کی کوششیں جاری رکھنے میں قیمتی مدد ملے گی۔ان تمام اقدامات اور کوششوں سے ترقی اور روزگار کے مواقع کو نمو ملے گی۔ہم گورنر Hochul، ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ ایجنسی اور ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس شاندار ایوارڈ کے ذریعے ہنٹنگٹن اسٹیشن کی عظیم استعداد کو تسلیم کیا۔ میں ٹاؤن کے ڈائریکٹر پلاننگ Anthony Alosio کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اس منصوبے پر دور اندیشی کے ساتھ کام کیا۔ ہم پوری کمیونٹی کی بہتری کے لئے اپنے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے منتظر ہیں۔ ایک بار پھر، مقامی حکومت پر اپنے اعتماد کا مظاہرہ کرنے کے لئے گورنر Hochul اور EDC کا شکریہ۔ ہم آپ کو یا اپنے ٹیکس دہندگان کو مایوس نہیں کریں گے۔"

**ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشی ایٹو کے بارے میں**

ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور

سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے پانچ سالوں میں ریاست نے تعمیر نو کے لئے پوری طرح تیار ایسے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں 600$ ملین کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جن میں بحالی، کاروبار، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، اور زیادہ سے زیادہ معاشی اور رہائشی تنوع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت موجود تھی۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور اہم محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے 10$ ملین دیے جاتے ہیں جو بحالی اور احیائے نو کے لئے کمیونٹی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418